31 جنوری 2014ء

چیک کی چھپائی کا یکساں معیار، اسٹیٹ بینک نے ہدایات جاری کردیں

بینک دولت پاکستان نے ملک بھر کی بینکاری صنعت میں چیک کی طباعت کا یکساں معیار نافذ کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور چیکوں کے لے آؤٹ کے لیے گائیڈ لائنز جاری کی ہیں۔ معیار کے نفاذ کے لیے 30 جون 2014ء کی ڈیڈ لائن مقرر کی گئی ہے۔

ایک سرکلر میں اسٹیٹ بینک نے تمام بینکوں اور مالی اداروں کو ہدایت کی کہ چیکوں کے موجودہ اسٹاک کے خاتمے پر یا ڈیڈ لائن تک، ان میں سے جو بھی پہلے آجائے، نئے معیار کے مطابق تیار کردہ چیک بکس کا بندوبست کریں۔

بینکوں اور مالی اداروں کو اس امر کو یقینی بنانے کی ہدایت بھی کی گئی ہے کہ کلیرنگ کی مہریں چیک کی پشت پر لگائیں، سامنے کی طرف نہ لگائیں، تاکہ چیک کا کوئی اہم حصہ مسخ نہ ہو۔ اسٹیٹ بینک نے بینکوں کو اس بات کو یقینی بنانے کی ہدایت کی کہ مہر کا سائز نئے معیار کے مطابق ہو۔

سرکلر میں بینکوں اور مالی اداروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ نئے معیارات اور ہدایات کے بارے میں اپنے صارفین اور عملے میں آگاہی پیدا کرنے اور اس حوالے سے ان کی تربیت کرنے کے تمام ممکنہ اقدامات کریں، نیز اپنے صارفین کو ترغیب دیں کہ اپنے پرانے غیر استعمال شدہ چیکوں کو بدل کر نئے معیار کے مطابق تیار کردہ چیک بکس حاصل کریں۔

چیک لے آؤٹ کے نئے معیارات متعلقہ فریقوں کے ساتھ تفصیلی مشاورت کے بعد تشکیل دیے گئے ہیں اور بین الاقوامی معیارات پر مبنی ہیں۔

☆☆☆